नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions : 29

No. of Printed Pages : 8 **S–72 - Urdu(T.L.) (Supp.)**

# URDU
# (Third Language)

## SECONDARY SUPP. EXAMINATION-2020

**Time : 3¼ Hours**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لئے ہدایات :**

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

## حِصّہ (الف)

مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے :

ایک غریب آدمی مُریدپور کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں اپنے ٹوٹے پھوٹے پرانے مکان میں رہتا تھا۔ وہ مکان ایک دن اچانک زمین پر آ گرا۔ اُس کو اب ایک نیا مکان بنوانے کی فکر لاحق ہوئی۔ اس نے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ کاٹ کر اور مزدوری کر کے کچھ روپیہ جمع کیا اور ایک نیا مکان بنوانا شروع کیا۔ دیواریں کھڑی ہوگئیں، دروازہ بھی بن گیا، لیکن چھت بھرنے کے لیے غریب کے پاس پیسہ نہ بچا۔ چنانچہ اس نے چھت کی جگہ گھاس پھوس بچھا کر اُس کے اوپر مٹی ڈال دی۔ اس نے سوچا کہ برسات شروع ہونے سے قبل چھت ٹھیک کروا لوں گا۔

1. اس اقتباس کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ **4**

2. غریب آدمی کہاں رہتا تھا ؟ **1**

3. نیا مکان بنوانے کے لیے غریب آدمی نے کیا کیا ؟ **1**

4. غریب آدمی نے مکان کی چھت کیسے بنائی ؟ **1**

5. لفظ ''قبل'' کے کیا معنی ہیں ؟ **1**

## حِصّہ (ب)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھیے :

6. سبق ''وقت'' کے مصنف کا کیا نام ہے ؟ **1**

7. ابو خاں کو کیا شوق تھا ؟ **1**

8. حضرت محل کو کہاں پر سپردِ خاک کیا گیا ؟ **1**

9. کس سائنس داں نے ایٹمی نظریہ پیش کیا تھا ؟ **1**

10. آپ کے نصاب میں شامل ''حمد'' کے شاعر کا کیا نام ہے؟ **1**

11. ''ہے امتحان سر پر کھڑا'' میں سر پر کھڑا ہونے کے کیا معنی ہیں ؟ **1**

## حِصّہ (ج)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو سے **تین** جملوں میں لکھیے :

12. وقت کو کس طرح استعمال کرنا چاہیے ؟ **2**

13. ''کامیابی اور ناکامی خدا کے ہاتھ ہے'' یہ بات کس نے کس سے کہی ؟ **2**

14. عبدالحمید نے جنگ کے مورچے پر جانے سے پہلے جھُنّن سے کیا کہا تھا ؟ **2**

15. سبھی نعمتوں کا لطف ہم کب اٹھا سکتے ہیں ؟ **2**

16. اپنے وطن کے لیے ہمارا اخلاقی فرض کیا ہے ؟ **2**

17. جاپان کے ان شہروں کے کیا نام ہیں جن پر ایٹم بم گرائے گئے تھے ؟ **2**

18. ''ہمارا راجستھان'' نظم میں شاعر نے راجستھان کے کن کن بہادروں کا ذکر کیا ہے ؟ **2**

## حِصّہ (د)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چار سے چھ سطروں میں لکھیے :

19. محاورہ ''آنکھیں بچھانا'' اور کہاوت ''دودھ کا دودھ پانی کا پانی'' کے مطلب لکھیے اور اپنے جملوں میں استعمال بھی کیجیے۔ 4

20. مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف میں سے کِن ہی دو کی علامتیں بتاتے ہوئے اُن کی تعریف لکھیے : 4

(i) واوین (Inverted Commas)

(ii) سکتہ (Comma)

(iii) خط (Dash)

(iv) ندائیہ (Sign of Exclamation)

21. مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے : 4

(i) مفعول

(ii) فاعل

(iii) فعل

22. مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو لفظوں کے دو دو مترادِف الفاظ لکھیے : 4

(i) زمین (ii) دوست (iii) امیر

یا

مندرجہ ذیل میں سے کِن ہی چار لفظوں کے متضاد (اُلٹے) لفظ لکھیے :

(i) جزا (ii) اندر (iii) حلال

(iv) زندہ (v) محبت (vi) پاس

23. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجیے : 4

ہر روز کے تجربہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ شخصی چال چلن میں یہ قوت ہے کہ دوسرے کی زندگی اور برتاؤ اور چال چلن پر نہایت قوی اثر پیدا کرتا ہے اور حقیقت میں یہی ایک نہایت عمدہ تعلیم ہے۔ اور جب ہم اس عملی تعلیم کا علمی تعلیم سے مقابلہ کریں تو مکتب و مدرسے و مدرستہ العلوم کی تعلیم اس عملی تعلیم کی ابتدائی تعلیم معلوم ہوتی ہے۔

یا

اس کے عدل و انصاف کی حکایتوں میں سب سے زیادہ دلچسپ اس پیرزال کا قصہ ہے جس نے بادشاہ کے ہاتھ اپنا جھونپڑا فروخت کرنا منظور نہ کیا۔ بات یہ تھی کہ بادشاہ نے ایک ایوان عالی شان تعمیر کرایا تھا، اس کے ایک گوشے کی کجی بغیر اس کے دور نہیں ہوسکتی تھی کہ بڑھیا کی زمین بھی اس میں شامل کر لی جائے۔ ہر چند بڑھیا سے درخواست کی گئی اور اس کو بہت بڑے معاوضہ کی طمع دلائی گئی مگر وہ کسی طرح راضی نہ ہوئی۔

24. مرثیہ یا نظم میں سے کسی ایک صنف کی تعریف لکھیے۔ **4**

25. مندرجہ ذیل اشعارِ غزل میں سے کن ہی دو کے مطلب لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : **4**

(i) عشق کو حوصلہ ہے شرط ورنہ
بات کا کس کو ڈھب نہیں آتا

(ii) گئی عمر دربندِ فکرِ غزل !
سو اِس فن کو ایسا بڑا کر چلے

(iii) جان دی، دی ہوئی اُسی کی تھی
حق تو یہ ہے، کہ حق ادا نہ ہوا

(iv) جلوہ از بسکہ تقاضائے نگہ کرتا ہے
جوہر آئینہ بھی، چاہے ہے مژگاں ہونا

26. مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے : **4**

(i) کمزور کی مدد

(ii) تعلیمِ نسواں

(iii) جشنِ آزادی

## حِصّہ (ہ)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیے :

27. مندرجہ ذیل شاعروں میں سے کسی **ایک** کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے : 4

(i) بہزآد لکھنوی

(ii) نظیؔر اکبرآبادی

(iii) مرزا غالبؔ

28. آپ بیمار ہونے کی وجہ سے اپنی اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کو دو دن کی چھٹی کے لیے درخواست لکھیے ۔ 8

**یا**

گرمی کی چھٹیاں ایک ساتھ گزارنے کے لیے اپنے چچازاد بھائی کو ایک خط لکھیے ۔

29. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر مُفصّل مضمون لکھیے : 8

(i) کسی میلے کی سیر

(ii) تاج محل

(iii) میرا پسندیدہ کھیل - کرکٹ

DO NOT WRITE ANYTHING HERE